## سوال

منی پاک ھے یانا پاک

## جواب

منی پاک ہے یاناپاک السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ منی پاک ہے یاناپاک ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! منی کے پاک یا نجس ہونے کے حوالے سے اہل علم کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے۔ لیکن راجح مسلک یہی ہے کہ منی پاک ہے، نجس نہیں ہے۔ اس کی دلیل صحیح مسلم میں وارد سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے، وہ فرماتی ہیں کہ: ''لقد کنت أفرکہ من ثوب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرکاً، فیصلی فیہ''میں نبی کریم ﷺ کے کپڑوں سے منی کو کھرچ دیتی تھی اوران میں نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔ یہ حدیث مبارکہ منی کے پاک ہونے اور نجس نہ ہونے کی دلیل ہے کیونکہ کھرچنے سے کوئی چیز مکمل طور پر زائل نہیں ہوتی، چنانچہ منی آپ ﷺ کے کپڑوں پر موجود ہوتی تھی اور آپ ان میں نماز ادا کرلیا کرتے تھے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث